PREVENTION LINK کے لائٹ ہاؤس اقدام کی جانب سے پیش ہے

ملازمت گاہ میں تحفظ اور انشورنس ایکٹ

– ایک معلوماتی کتابچہ –

"کیا آپ اپنے حقوق جانتے ہیں؟"

ملازمت گاہ میں تحفظ اور انشورنس ایکٹ (WSIA) کیا ہے؟

WSIA اونٹاریو کا قانون ہے جو ایسے ورکرز کے لیے **بینیفٹس اور سروسز کے استحقاق** کو منظم کرتا ہے جو اپنی ملازمتی ذمہ داریوں کے نتیجے میں زخمی یا بیمار ہو جائیں۔

WSIA کے تحت کسے تحفظ حاصل ہے؟

WSIA کے تحت اونٹاریو کے **تمام** ورکرز کو تحفظ حاصل **نہیں** ہے۔

WSIA کا منتظم کون ہے؟

- ملازمت گاہ میں تحفظ اور انشورنس بورڈ (WSIB) کا نظام چلاتا ہے۔
- WSIB زخمی ورکرز کے لیے بینیفٹس اور سروسز کے استحقاق کے تعین کے لیے **اپنی ذاتی پالیسیاں اور دستورالعمل تخلیق کرتا ہے۔**
- زخمی ورکرز درج ذیل استحقاقات کی درخواست کرسکتے ہیں:
  * **اجرت میں نقصان کی صورت میں بینیفٹس**
  * **مستقل معذوریوں کی تلافی کے بینیفٹس**
  * **ہیلتھ کیئر کے لیے کوریج**
  * **کام پر واپسی کے لیے معاونت**
- WSIB کی فنڈنگ اونٹاریو کے ایمپلائرز کرتے ہیں۔ **یہ ٹیکس فنڈڈ نظام نہیں ہے۔**
- ورکرز اور ایمپلائرز دونوں کو **WSIB کے فیصلوں پر اپیل** کا قانونی حق حاصل ہے۔

کام کے دوران زخمی ہو جانے پر کیا کرنا ہوگا

ورکر

- آپ کو چاہیے کہ **جتنی جلدی ممکن ہو** اپنی چوٹ سے ایمپلائر کو مطلع کریں
- زخمی ہونے کی اطلاع دینے پر **آپ کو قانونی طور پر ملازمت سے نہیں نکالا جاسکتا**
- فوری **طبی امداد** حاصل کریں
- چوٹ/بیماری کی **WSIB فارم 6** ورکر رپورٹ مکمل کریں

ایمپلائر

- ملازمت گاہ میں لگنے والی چوٹ یا بیماری کی **تفتیش کریں** اور اسے **کریں** دستاویزی شکل دیں
- چوٹ/بیماری کی **WSIB فارم 7** ایمپلائر رپورٹ مکمل کریں

ڈاکٹر یا طبی نگہداشت کار

- کام پر واپسی کی ممانعتوں اور حد بندیوں کے لیے **تجاویز** فراہم کریں
- ملازمت گاہ میں اپنے زخمی ہونے کے حوالے سے WSIB کو **معلومات** فراہم کریں
- چوٹ/بیماری کی **WSIB فارم 8** ہیلتھ پروفیشنل کی رپورٹ مکمل کریں

کلیم کب جمع کروایا جائے گا

ورکرز

آپ کو **فوری طور پر** یا زخمی ہونے کی تاریخ سے **زیادہ سے زیادہ 6 ماہ کے عرصے میں** کلیم لازماً جمع کروانا ہوگا۔

ایمپلائرز

ایمپلائرز کو ورکر کی چوٹ/بیماری کے **3 دن کے اندر اندر** کلیم لازماً جمع کروانا ہوگا بشرطیکہ:

.01 ورکر کام کے اوقات میں دستیاب نہ رہے

.02 ورکر کو طبی نگہداشت کی ضرورت ہو

.03 ورکر معمول کے کام کے عوض معمول سے کم کمائے

کیا آپ کو معلوم تھا کہ آپ معاوضۂ تلافی کا کلیم کرسکتے ہیں اگر:

- آپ کو ملازمتی کام سے متعلقہ **بیماری** کی تشخیص کی گئی ہو
- آپ کو ملازمتی کام سے متعلقہ **ذہنی تناؤ کے عوارض** کی تشخیص کی گئی ہو
- آپ کو ملازمتی کام سے متعلقہ **نفسیاتی عوارض** کی تشخیص کی گئی ہو
- آپ میں وقت کے ساتھ رفتہ رفتہ ملازمتی کام سے متعلقہ **زخم/عارضہ** پیدا ہوگیا ہو

آپ WSIB کلیم کے ساتھ کہاں سے مدد حاصل کرسکتے ہیں؟

دفتر برائے ورکر ایڈوائزر
(OFFICE OF THE WORKER ADVISER):
www.owa.gov.on.ca یا 1-800-435-8980

اونٹاریو کا صنعتی حادثات کے شکار افراد کا گروپ
(INDUSTRIAL ACCIDENT VICTIMS GROUP OF ONTARIO, IAVGO):
www.iavgo.org یا 416-924-6477

زخمی ورکرز کمیونٹی کا قانونی کلینک
(INJURED WORKERS' CONSULTANTS, IWC):
www.injuredworkersonline.org یا 416-461-2411

قانونی امداد اونٹاریو (LEGAL AID ONTARIO):
www.legalaid.on.ca یا 1-800-668-8258

ذرائع

WWW.PREVENTIONLINK.CA
WWW.WSIB.ON.CA
WWW.ONTARIO.CA/LAWS/STATUTE/97W16

PREVENTION LINK DISABILITY PREVENTION AT WORK
cope LOCAL 343
preventionlink.ca
LIGHTHOUSE INITIATIVE
PREVENTION LINK